8-2-1967 انڈیا نے لاہور فلائنگ کلب کے طیارے پر حملے کی مشترکہ تحقیقات کرانے سے انکار کر دیا۔

13-2-1967 بھارت نے ایٹم بم بنالیا تو ہم اس سے پیچھے ہرگز نہیں رہ سکتے۔ (صدر ایوب خان)

3-3-1967 عراق ہمیشہ کشمیریوں کا ساتھ دیتا رہے گا۔ (عراقی وزیر خارجہ عدنان بشاشی)

10-3-1967 خواجہ شہاب الدین نے سابق وزیر خارجہ بھٹو کو اعلان تاشقند کے خلاف مناظرے کا چیلنج دیا۔

14-3-1967 حکومت نے ستمبر 65ء کی جنگ میں بہادری کے کارناموں پر لاہور، سرگودھا اور سیالکوٹ کے شہریوں کو پرچم استقلال کی صورت میں اعزاز دیا۔

18-3-1967 بھٹو نے اعلان تاشقند کے موضوع پر خواجہ کی دعوت مناظرہ قبول کر لی۔

23-3-1967 چین میں پاکستانی سفیر کی دعوت سے بھارتی ناظم الامور واک آؤٹ کر گیا۔

31-3-1967 پاکستان نے ''سپر بم'' بنالیا۔

5-4-1967 آزاد کشمیر میں اردو کو ''قومی زبان'' قرار دیا گیا۔

12-4-1967 پاکستان میں امریکی فوجی مراکز ختم کر دینے کی پاداش میں امریکہ نے پاکستان کی فوجی امداد بند کر دی۔

13-4-1967 مشکلات کے باوجود ہم امریکہ کے سامنے ہاتھ نہیں پھیلائیں گے۔ (ایوب خان)

14-4-1967 واشنگٹن میں پاکستان نے سیٹو کے اجلاس کا بائیکاٹ کر دیا۔

16-4-1967 سیٹو کی فوجی کمیٹی کے اجلاس کا بھی پاکستان نے بائیکاٹ کیا۔

18-4-1967 راولپنڈی میں اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل نے صدر ایوب سے مسئلہ کشمیر پر بات چیت کی۔

19-4-1967 اقوام متحدہ مسئلہ کشمیر کے حل سے قاصر ہے۔ (سیکرٹری جنرل U.N.O اوتھان)

20-6-1967 زیمبیا مسئلہ کشمیر پر پاکستان کے اصولی موقف کا حامی ہے۔ (صدر ڈاکٹر کینتھ کونڈا)

22-7-1967 پاکستان مسئلہ کشمیر پر اپنا اصولی موقف تبدیل نہیں کرے گا۔ (وزیر دفاع وامور کشمیر اے آر خان)

31-7-1967 اگر بھارت نے پاکستان پر حملہ کیا تو ہم پاکستان کا ساتھ دیں گے۔ (عوامی جمہوریہ چین)

23-8-1967 جاسوسی کرنے پر انڈیا کے 3 سفارتکاروں کو پاکستان سے نکال دیا گیا۔

31-8-1967 داہاگرام میں بھارتی فوجیوں کی خلاف ورزی پر حکومت پاکستان کا احتجاج۔

29-9-1967 ہم رن کچھ کے محاذ پر مقابلے کے لئے تیار ہیں۔ (بھارتی جرنیل)

جاری ہے

# اخبار الجامعہ

محمد ایوب غلام

1-7-2004 گوجرانوالہ سے جناب طارق محمود صاحب کی سربراہی میں چھ رکنی وفد تشریف لایا، جس نے کلیۃ الحدیث، فارم توحید آباد، گلشن آباد اور کئی برانچ مدارس کا دورہ کیا۔ الاثر پبلک سکول غواڑی (تابع جامعہ) میں ششماہی نتائج کے سلسلے میں منعقدہ تقریب میں مہمانِ خصوصی جناب طارق محمود صاحب نے سکول کے لیے 5 عدد کمپیوٹر دینے کا وعدہ کیا۔

4-7-2004 چیف سیکرٹری شمالی علاقہ جات جناب محمد فرید اللہ خان اور I.G.P. سخی اللہ ترین نے توحید آباد فارم کا دورہ کیا۔ ان کے ہمراہ قانون ساز کونسل کے بعض ارکان: D.C گانچھے فدا حسین، چیف انجینئر ناصر شگری اور D.D.E گنگچھے حاجی عبدالرحیم صاحب بھی تھے۔

8-7-2004 الدعوۃ میڈیکل ٹیم نے جامعۃ الدراسات الاسلامیۃ (گھربی کھور) غواڑی میں فری میڈیکل کیمپ لگایا۔

19-7-2004 شعبہ تحفیظ القرآن قسم البنین کا ششماہی امتحان جناب قاری فیاض احمد صاحب لاہوری نے لیا۔

24-7-2004 سرکاری ماہرین تعلیم کی 26 رکنی ٹیم مطالعاتی دورے پر تشریف لائی۔ کلیۃ الحدیث، مکتبہ الجامعہ اور فارم توحید آباد وغیرہ کا معائنہ کیا۔

30-7-2004 جامع مسجد مزمل لاہور کے خطیب مولانا الشیخ خلیق الرحمن لکھوی نے جامعہ اور کئی برانچ مدارس کا دورہ کیا۔

14-8-2004 جناب شاہ محمد صاحب چوہدری M.Sc.(U.K) ہیڈ آف انجینئرنگ ریسرچ کنٹری و ڈائریکٹر پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ لاہور، ڈاکٹر وزیر حسین شاہ صاحب ڈائریکٹر جنرل محکمہ زراعت لاہور، جناب محمد طارق صاحب ڈائریکٹر جنرل P.C.S.I. پشاور، سید نعیم محمود صاحب ڈائریکٹر جنرل محکمہ زراعت کراچی، جناب احمد صغیر صاحب آف کراچی اور شاہد فاروق صاحب سینئر سائنٹیفک آفیسر P.C.S.I. لیبارٹریز کمپلیکس پشاور نے فارم توحید آباد کے تیار کردہ خوبانی وچیری کے جام، چاکلیٹ وغیرہ کا معائنہ کیا اور فارم کے اہل کاروں کو مفید مشوروں اور ہدایات سے نوازا۔

نیز جناب پروفیسر ابوالکلام صاحب آف ملتان کی سرکردگی میں علمائے احناف کا ایک وفد تشریف لایا۔

مسئولین جامعہ اور اکابرین جمعیت سے تبادلہ خیالات کیا۔

18-8-2004 کیڈٹ کالج سکردو کے پرنسپل جناب بریگیڈیر تاج اقبال اور جناب آصف صاحب آفیسر ڈسکون کمپنی نے جامعہ اور فارم کا دورہ کیا۔

20-8-2004 الاثر پبلک سکول کی گورننگ باڈی کی ہنگامی میٹنگ میں تعلیمی معیار کا تجزیہ کیا گیا اور آئندہ کے لیے لائحہ عمل مرتب کیا گیا۔

13-9-2004 اطلاعات ونشریات کی سٹینڈنگ کمیٹی کے چیئرمین، سابق وفاقی وزیر، سینیٹر نثار میمن اور اقبال ڈار نے اپنے رفقائے کار کے ہمراہ فارم توحید آباد میں مسئولین جامعہ سے تبادلہ خیالات کیا۔

9-10-2004 وفاق المدارس السلفیۃ پاکستان کے زیراہتمام کلیۃ الحدیث اور کلیۃ الدراسات میں امتحانات شروع ہوئے۔

27-10-2004 جمعیت طلباء کا اختتامی جلسہ شیخ الحدیث ثناء اللہ سالک صاحب کی صدارت میں ہوا، مہمان خصوصی الشیخ سلیم اللہ عابد تھے۔ آخر میں سال رواں کے دوران جلسوں کے سلسلے میں نمایاں کارکردگی دکھانے والے طلبہ کو انعامات سے نوازا گیا۔

28-10-2004 جمعیت طالبات جامعہ کے اختتامی جلسے میں طالبات کے علاوہ معلمات اور مقامی خواتین کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔

6-11-2004 ختم صحیح البخاری کی مناسبت سے منتہی طلباء نے جامع الجامعہ میں اساتذہ کرام اور عمائدین ومعززین کے اعزاز میں ایک شاندار افطار پارٹی دی۔

9-11-2004 جامعہ کے سب سے سینئر مدرس قاری نذیر احمد صاحب 10 ماہ کی طویل علالت کے بعد 76 سال کی عمر میں اللہ کو پیارے ہوگئے۔ ﴿انا للہ وانا الیہ راجعون﴾ قاری رحمہ اللہ نے تقریباً 40 سال تک جامعہ میں بچوں کو قرآن مجید پڑھانے کی خدمت سرانجام دی۔

جامعہ کے اکثر مدرسین آپ کے فیض یافتہ ہیں۔ اس طرح آپ کو استاذ الاساتذہ ہونے کا شرف بھی حاصل ہے۔ (تقبل اللہ منہ صالح الاعمال واسکنہ فسیح جنانہ)

27-11-2004 C.M.H. طولتی کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ جناب کرنل سلطان محمود صاحب نے جامعہ دارالعلوم بلتستان کا